26 مئی 2021ء

اسٹیٹ بینک نے بیرونِ ملک سے فنانسنگ جمع کرنے کے لیے کنورٹیبل ڈیٹ متعارف کرادیا

بینک دولت پاکستان نے نئی قائم ہونے والی (startup) کمپنیوں کو بیرونِ ملک سے فنانسنگ جمع کرنے میں سہولت دینے کی غرض سے انہیں ''کنورٹیبل ڈیٹ'' (Convertible Debt) کے طور پر حاصل کرنے کی اجازت دی ہے۔ کنورٹیبل قرضہ فنانسنگ کی ایک قسم ہے جس میں یہ آپشن ہوتا ہے کہ بعض شرائط وضوابط کے تحت اسے قرضہ لینے والی کمپنی کے ایکویٹی شیئرز میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ ان تازہ ترین ہدایات سے قبل، کاروباری اداروں کو اجازت تھی کہ وہ بیرونِ ملک سے بیرونی کرنسی میں قرضے فارن ایکسچینج مینوئل کے چیپٹر 19 میں بتائے گئے پیرامیٹرز کے تحت حاصل کرسکتے ہیں، تاہم قرضے کو مقروض کمپنی کی ایکویٹی میں تبدیل کرنے کا آپشن فراہم کرنے والی ایسی کوئی مخصوص کیٹیگری نہیں تھی۔

توقع ہے کہ اس اقدام سے زیادہ بیرونی سرمایہ کاری کو متوجہ کرنے میں مدد ملے گی کیونکہ اس طرح بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں آپریٹ کرنے والی نئی کمپنیوں میں سرمایہ کاری کا ایک اور آپشن فراہم ہوجائے گا۔ غیر ملکی سرمایہ کار جو ابتدائی مراحل میں نئی کمپنی (Start up) کی ایکویٹی میں سرمایہ کاری سے ہچکچاتے ہیں، وہ اس زمرے کے تحت فنانسنگ مہیا کرکے بعد میں کسی مرحلے پر ایکویٹی میں شمولیت کا فیصلہ کرسکتے ہیں۔ ان تبدیلیوں کو نافذ کرنے کے لیے فارن ایکس چینج مینوئل کے باب 19 کی متعلقہ شقوں کو ایف ای سرکلر نمبر 04 برائے 2021ء بتاریخ 26 مئی 2021ء کے ذریعے اپڈیٹ کیا گیا ہے، جسے اس لنک پر دیکھا جاسکتا ہے:

https://www.sbp.org.pk/epd/2021/FEC4.htm